DUBAI GRAND SCHOOL
INTERNATIONAL

ڈبئ گرینڈ اسکول انٹرنیشنل ایچ ایم ٹی سرینگر

جماعت :دوم　　　　　　تدریسی امدادی مواد　　　　　　مضمون:اردو

سبق نمبرا (حمد)

☆ سوالات کے جوابات لکھیے :

سوال نمبرا۔زمین اورآسمان کس نے بنائے ہیں ؟

جواب۔زمین اورآسمان خُدا نے بنائے ہیں۔

سوال نمبر۲۔خُدا نے آسمان کو کن چیزوں سے سجایا ہے ؟

جواب۔خُدا نے آسمان کو چاند،سورج اور تاروں سے سجایا ہے۔

سوال نمبر۳۔سورج روشنی کے علاوہ اور کیا دیتا ہے ؟

جواب۔سورج ہمیں روشنی کے علاہ گرمی دیتا ہے۔

سوال نمبر۴۔جانداروں کے زندہ رہنے کے لیے کون سی چیز سب سے ضروری ہے ؟

جواب۔جانداروں کے زندہ رہنے کے لیے ہوا، پانی اور کھانا ضروری ہے۔

سوال نمبر۵۔پینے کے علاوہ پانی کس کس کام آتا ہے ؟ دو جملوں میں لکھیے۔

جواب۔صفائی اور کھیتوں کی آبپاشی کے لیے کام آتا ہے۔

سوال نمبر۶۔ حمد میں دی ہوئی تصویر میں چار چیزوں کے نام چُن کر لکھیے۔

جواب۔ مُسئلہ، بچے، پیڑ اور دیوار۔

☆ دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیے۔

الفاظ	جملے
نعمت	پانی ایک نعمت ہے۔
مخلوق	انسان ایک اعلیٰ مخلوق ہے۔
چاندنی	آج چاندنی رات ہے۔
سورج	سورج چمک رہا ہے۔
شُکر	اللہ کا شُکر ادا کرو۔

سبق نمبر ۲ (نماز)

سوالات کے جوابات لکھیے ۔

سوال نمبر ا۔ حامد ابّو کے ساتھ کہاں گیا تھا ؟

جواب ۔ حامد ابّو کے ساتھ مسجد گیا تھا۔

سوال نمبر ۲۔ حامد کی امّاں نے گھر پر کیا بنایا تھا ؟

جواب ۔ حامد کی امّاں نے گھر پر حلوہ بنایا تھا ۔

سوال نمبر ۳۔ حامد کی امّاں نے صبح کی نماز کو کیا کہا ؟

جواب ۔ حامد کی امّاں نے صبح کی نماز کو فجر کہا۔

سوال نمبر ۴۔ فرض کس کو کہتے ہیں ؟

جواب ۔ اللہ تعالٰی کے حکم کو فرض کہتے ہیں۔

سوال نمبر ۵۔ حلوہ کھانے کے بعد حامد نے ممّا سے کیا کہا ؟

جواب ۔ حامد نے حلوہ کھانے کے بعد مما سے کہا کہ وہ سیر کو جاے گا۔

سوال نمبر ۶ ۔ وہ مسجد کیوں گیا تھا ؟

جواب ۔ وہ مسجد میں نماز پڑھنے گیا تھا ۔

سوال نمبر ۷۔ حلوہ کیوں بنا تھا ؟

جواب ۔ حامد نے پہلی بار مسجد میں فجر نماز پڑھی تھی اس لیے حلوہ بنا تھا۔

سوال نمبر ۸۔ گھر پہنچ کر ابّو نے ہنستے ہوئے کیا کہا ؟

جواب۔ گھر پہنچ کر ابّو نے ہنستے کہا کہ حلوہ کس خوشی میں بنا ہے۔

سوال نمبر ۹۔ کیا تہجد کی نماز فرض ہے ؟

جواب۔ نہیں، تہجد کی نماز فرض نہیں ہے۔

سوال نمبر ۱۰۔ سُنّت کس کو کہتے ہیں ؟

جواب۔ جن کاموں پر حضرت محمد ﷺ نے عمل کیا اُن کو سُنّت کہتے ہیں۔

☆ گرائمر ۔

لفظ اوراس کے اقسام ۔

لفظ : جو کچھ ہم منّہ سے بولتے ہیں اس کے ہر ٹکڑے کو لفظ کہتے ہیں مثلاً جھوٹ، موٹ، کاپی، واپی، قلم، ولم ۔

لفظ کی دو قسمیں ہیں۔ ۱۔ کلمہ ۲۔ مہمل

۱۔ کلمہ : بامعنی لفظ کو کلمہ کہتے ہیں۔ مثلاً جھوٹ، کاپی، قلم۔

۲ مہمل : بے معنی لفظ کو مہمل کہتے ہیں۔ مثلاً موٹ، واپی، ولم۔